# درگاہ نظام الدین اولیاء

# DargahNizam-ud-din Aulia (Script)

**Duration: 03min 02 sec.**

علی امام منست و منم غلام علی

ہزار جان گرامی فدا بہ نام علی

من کنت مولا۔۔۔

میں درگاہ حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃاللہ علیہ سے تعلق رکھتا ہوں اور ہمارا تعلق جو ہے حضرت کی بہن کی اولادوں میں سے ہے حضرت نے خود شادی نہیں کی تھی ان کی شادی آپ کی بہن کی شادی آپ کے چچازاد بھائی سے ہوئی تھی ہمارا تعلق اسی خاندان سے ہے اور آٹھ سو سال سے ہم لوگ سب یہیں رہتے چلے آرہے ہیں.

آپ کی والدہ جو ہیں وہ حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت شیخ نجیب الدین متوکل رحمۃاللہ علیہ ,ان کے پاس لے کے گئیں ان سے کہا کہ اے حضرت یہ میرا بچہ ہے اس کے لئے آپ دعا فرمادیں یہ کہیں کا قاضی بن جائے تو حضرت شیخ نجیب الدین متوکل رحمۃاللہ علیہ نے آپ کی طرف دیکھا اور آپ کی طرف دیکھ کے یہ کہا کہ بابا نظام قاضی مشو چیزے دیگری شو قاضی مت بنو کچھ اور بنو تمہیں اللہ نے جو دنیا میں بھیجا ہے وہ کسی مقصد کے تحت بھیجا ہے اور تم سے انسانیت کی خدمت لینی ہے۔

آج کا دن حضرت نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش کا دن ہے جسے ہم لوگ کہتے ہیں یوم ولادت جنھوں نے ہندوستان کو ایک دھاگے میں پرو دیا جوڑا, مالا بنائی تو وہ تو کسی جشن سے کم نہیں ہے, تو ہم اسی لئے کہہ سکتے ہیں کہ جشن ولادت ہے ولادت تو ہر انسان کی ہوتی ہے اور ہم لوگ اپنے گھر میں "celebrate" کرتے ہیں جب ہم اپنے گھر کے بڑے بوڑھے بچے جوان کی خوشی طریقے سے کرتے تھے انھوں نے تو سارے "religion" کو ایک کر کے ایک دھاگے میں پرو دیا تو ان کی تو پھر جشنوں سے جشن کم ہونا ہی نہیں چاہیئے۔

کئی سال سے یہاں پر آتا ہوں درگاہ پہ اور ہمیشہ مہینہ پندرہ دن میں ہفتے میں حاضری ہوتی رہتی ہے سب کی جو جتنے انسان آتے ہیں سب کی تمنائیں پوری ہوتی ہیں۔ ہم تو زیارت کرنے کے لئے آئے ہوئے ہیں افغانستان سے ویسے تو ہم آگئے افغانستان سے دلی میں اور چار سال پہلے بھی ہم آیا تھا یہاں پر یہ دربار ہم کو بہت پسند ہے، ہم کو یہ نظام الدین صاحب اولیاء کا دربار ہے۔ "Sufism" کا سب سے بنیادی بات جو ہے وہ یہ ہے کہ جو شخص اللہ کی عبادت کرے اور اس کے بندوں کی خدمت کرے اور جو "Sufism" کو "follow" کرے گا وہ انسانیت سے محبت کرے گا۔ کہ سب ہوں پیش خدا۔۔۔